**05.10.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر کے ایک روزہ دورے پر ہیں، جہاں انہوں نے 23 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کی شروعات کی۔ اُنہوں نے پی ایم کسان اسکیم کی 18 ویں قسط بھی جاری کی۔

☆ ہریانہ اسمبلی کیلئے ووٹنگ جاری ہے۔

☆ جموں و کشمیر کے کپواڑہ ضلعے میں حفاظتی دستوں نے دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بناکر دو دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔

☆ امریکہ اور برطانیہ کی فوج نے مل کر یمن میں **Houthi** کے کنٹرول والے مقامات پر ایک درجن سے زیادہ حملے کئے ہیں۔

☆ **ICC** خواتین کے ٹوئنٹی ٹوئنٹی عالمی کرکٹ کپ میں آج آسٹریلیا ، سری لنکا کا اور انگلینڈ، بنگلہ دیش کا سامنا کرے گا۔

اب خبریں تفصیل سے...........

**PM Maharashtra**

وزیر اعظم نریندر مودی نے واشم میں **Pohardevi** میں بنجارا وراثت میوزم کا افتتاح کیا۔ اِس چار منزلہ میوزیم میں 13 گیلریاں ہیں اور اِن میں بنجارا تحریک اور بنجارا رہنماؤں کی تصاویر کے ذریعے بنجارا فرقے کی وراثت کی عکاسی کی گئی ہے۔ واشم پہنچنے کے بعد وزیر اعظم نے سنت سیوا لال مہاراج اور سنت رام راؤ مہاراج کی یادگار پر گلہائے عقیدت نذر کئے۔ سَنت سیوا لال اور سَنت رام راؤ مہاراج بنجارا طبقے کے روحانی پیشوا ہیں۔ وزیر اعظم نے **Pohardevi** میں جَگ دَمبا مندر میں درشن اور پوجا کی۔ وزیر اعظم نے مہاراشٹر میں 23 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف منصوبوں کی شروعات کی اور انہوں نے پی ایم کسان اسکیم کی 18 ویں قسط بھی جاری کی۔ جناب مودی مہاراشٹر کے اپنے ایک روزہ دورے کے موقع پر آج شام کو تھانے میں سڑک اور اہم میٹرو پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور اُن کا افتتاح کریں گے۔

**Haryana Assembly**

ہریانہ اسمبلی کیلئے ووٹنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ دوپہر ایک بجے تک 36 اعشاریہ چھ نو فیصد ووٹ ڈالے جاچکے تھے۔ آج وہاں اسمبلی کی 90 سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ ووٹنگ کا یہ سلسلہ صبح سات بجے شروع ہوا ہے اور شام چھ بجے تک جاری رہے گا۔ دو کروڑ تین لاکھ سے زیادہ افراد ووٹ دینے کے اہل ہیں اور ایک ہزار 31 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ پوری ریاست میں 20 ہزار 632 پولنگ مرکز بنائے گئے ہیں۔

ریاست کے اعلیٰ چناؤ افسر پنکج اگروال نے بتایا ہے کہ تمام پولنگ مرکزوں پر سکیورٹی کا خاطر خواہ بندوبست کیا گیا ہے۔ انتخابات کو آزدانہ ، منصفانہ اور خوش اسلوبی سے کرانے کیلئے ویب کاسٹنگ بھی کی جارہی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودنے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ ریکارڈ تعداد میں ووٹ ڈالیں اور جمہوریت کے تہوار کا حصہ بنیں۔ جناب مودی نے اُن تمام نوجوان ووٹروں کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے، جو پہلی بار اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔

**Jharkhand BJP Manifesto**

بی جے پی، جھارکھنڈ میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے اپنی انتخابی منشور کے پانچ کلیدی نکات آج سے جاری کرنا شروع کرے گی۔ رانچی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، جھارکھنڈ اسمبلی چناؤ کے شریک انچارج اور آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا کہ پارٹی کا انتخابی منشور مرحلے وار طور پر جاری کیا جائے گا۔ جناب سرما نے کہا کہ پارٹی، جھارکھنڈ ریاست کی تشکیل کے 25 سال مکمل ہونے کے پیش نظر، 25 نکاتی انتخابی منشور جاری کرے گی اور آخر میں پارٹی، بھگوان برسا منڈا کے 150 ویں یوم پیدائش سے قبل، ریاست کی ترقی کیلئے 150 وعدے جاری کرے گی۔

81 رکنی جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات، اس سال کے اواخر میں ہونے ہیں۔

**Classcial Languages**

ملک بھر کے ماہرین تعلیم اور محققین نے پانچ بھارتی زبانوں کو کلاسیکی زبان کا درجہ دینے کے مرکزی کابینہ کے حالیہ فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ کابینہ نے جمعرات کو آسامی، بنگالی، مراٹھی، پالی اور پراکرت کو کلاسیکی زبانوں کی فہرست میں شامل کیا ہے۔ یہ درجہ ملنے سے اِن زبانوں کے لیے اپنے مطالعے اور تحفظ کو فروغ دینے کی غرض سے حکومت سے مختلف فوائد حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کلکتہ یونیورسٹی کے بودھ مطالعے کے محکمے کے پروفیسر ڈاکٹر اُجول کمار نے کہا کہ یہ زبانیں ثقافتی ورثہ کی حامل ہیں، اور اس فیصلے سے اِن زبانوں کے فروغ میں مدد ملے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس سے ادب کے طلبا کے لیے روزگار کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔ اندرا گاندھی نیشنل سینٹر فار آرٹس کے ممبر سکریٹری ڈاکٹر سچیدانند جوشی نے کہا کہ اِن زبانوں کو شامل کیے جانے کی تاریخی اہمیت ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ملک کا قدیم ادب اِن زبانوں میں دستیاب ہے اور اِن زبانوں کو شامل کیے جانے سے مطالعے اور تحقیق میں مدد ملے گی۔

## J&K Infiltration BID

جموں و کشمیر میں شمالی کشمیر کے کپواڑہ ضلعے میں حفاظتی دستوں نے دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام کرکے دو دہشت گردوں کو ہلاک کردیا ہے۔ سری نگر کے چنار کور نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر بتایا ہے کہ دراندازی کی کوشش کے بارے میں ایک خفیہ جانکاری ملی تھی، جس کے بعد گل کپواڑہ میں Gugaldhar فوج اور جموں و کشمیر پولیس نے مشترکہ کارروائی شروع کی تھی۔ فوجیوں نے علاقے میں مشتبہ سرگرمیاں دیکھیں اور پھر فوجیوں اور دہشت گردوں کے درمیان گولی باری ہوئی۔ محکمۂ دفاع کے حکام نے بتایا ہے کہ فوجیوں نے سخت جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں دو دہشت گرد مارے گئے۔

## NIA -JEM-Searches

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA جموں و کشمیر، اترپردیش، آسام اور دلی میں 22 مقامات پر تلاشی کی کارروائیاں انجام دے رہی ہے۔تلاشی کی یہ کارروائیاں دہشت گرد گروپ جیش محمد کی کاروائیوں سے منسلک ایک کیس میں انجام دی جا رہی ہیں۔

## US-UK Houthi

امریکی اور برطانوی فوجوں نے یمن میں ایک درجن سے زیادہ حوثی کے کنٹرول والے مقامات پر حملے کئے۔ امریکی عہدیداروں کے مطابق حملوں میں ہتھیاروں کے اہم نظام، فوجی ٹھکانوں اور ایران کی حمایت والے مسلح گروپ کے ذریعہ استعمال کئے جانے والے دیگر بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا گیا۔

ان حملوں سے یمن میں جاری کشیدگی میں مزید اضافہ ہوا ہے، جہاں حوثی فورسز 2014 سے طویل خانہ جنگی میں مصروف ہیں، یہ حملے حوثیوں کے 5 اہم ٹھکانوں کو نشانہ بناتے ہوئے فوجی طیاروں اور بحری جہازوں کے ذریعہ انجام دیئے گئے۔ حوثی کے کنٹرول والی میڈیا اطلاعات کے مطابق Hodeidah ہوائی اڈے اور Katayeb علاقے پر 7 حملے کئے گئے، جہاں مسلح گروپ حوثی کا فوجی ٹھکانہ ہے۔ اس کے علاوہ راجدھانی صنعا کے Sayyan ضلع میں واقع ٹھکانوں پر 4 حملے کئے گئے، جبکہ یمن کے Dhamar صوبے میں دو اور مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔

## Pakistan Protest

پاکستان میں، حکومت نے راجدھانی اسلام آباد کی سکیورٹی، پاکستانی فوج کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس نے پرتشدد احتجاجوں، جھڑپوں، گرفتاریوں، سیلولر اور انٹرنیٹ خدمات میں رکاوٹوں کے ساتھ سکیورٹی کی تیزی سے بدلتی صورتحال کے پیش نظر، یہ فیصلہ کیا ہے۔ اسلام آباد اور اس سے متصل شہر راولپنڈی کل پاکستان تحریک انصاف PTI کے حامیوں اور سکیورٹی فورسز کے درمیان میدانِ جنگ بن گئے اور اس صورتحال کا ختم ہفتہ بھی جاری رہنے کا خدشہ ہے۔

شنگھائی تعاون تنظیم-SCO کے سربراہ اجلاس کا انعقاد 15 اور 16 اکتوبر کو ہوگا۔

## MEA Jaishankar SCO

وزیر خارجہ ایس جے شنکر شنگھائی تعاون تنظیم کی چوٹی میٹنگ میں شرکت کیلئے پاکستان جائیں گے۔ یہ چوٹی میٹنگ اس مہینے کی 15 اور 16 تاریخ کو اسلام آباد میں ہوگی۔ وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے، اُن کے اس دورے کی تصدیق کی۔ ذاکر نائک کے پاکستان کے دورے کے بارے میں جناب جیسوال نے کہا کہ بھارت کیلئے یہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہے کہ ایک مفرور شخص کا پاکستان میں اعلیٰ سطح پر خیرمقدم کیا گیا ، جو ایک قابلِ مذمت اور مایوس کن حرکت ہے۔

## UN Anti Terrorism Pact

بھارت نے دہشت گردی کے خلاف فوری بین الاقوامی معاہدہ کئے جانے کی اپنی 30 سالہ پرانی تجویز کی دوبارہ توثیق کی ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کی قانونی کمیٹی سے جمعرات کے روز خطاب کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارتی مشن کی لیگل افسر R Mythili نے دہشت گرد گروپوں کی بڑھتی طاقت پر گہری تشویش کا اظہار کیا، جو اپنی صلاحیتوں میں اضافے کیلئے ڈرونز جیسی جدید ترین ٹیکنالوجی کا استعمال کررہے ہیں۔ انہوں نے بین الاقوامی دہشت گردی پر جامع کنونشن کو حتمی شکل دینے میں ممالک کی جانب سے ہورہی موجودہ تاخیر سے نمٹنے کی ضرورت پر زور دیا۔

## Cricket Women T-20

خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں آج، گروپ -A کے میچ میں آسٹریلیا اور سری لنکا کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ساڑھے 3 بجے شروع ہوگا۔

آج شام ساڑھے سات بجے گروپ-B کے میچ میں انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے درمیان مقابلہ ہوگا۔ یہ دونوں میچ شارجہ میں کھیلے جائیں گے۔

کل رات دبئی میں بھارت / نیوزیلینڈ سے 58 رن سے ہار گیا۔ 161 رن کا نشانہ حاصل کرنے کی جدوجہد میں بھارتی ٹیم 19 اوورز میں محض 102 رن پر سمٹ گئی۔ نیوزیلینڈ کی Rosemary Mair نے چار وکٹ لئے۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیوزیلینڈ نے مقررہ 20 اوورز میں 4 وکٹ پر 160 رن بنائے۔ Sophie Devine نے 36 گیندوں میں سب سے زیادہ 57 رن بنائے اور وہ ناٹ آؤٹ رہیں۔

☆☆☆